## الخدمت فاؤنڈیشن کی 4 ایمبولینسوں نے 1364 مریضوں اور 28 نعشوں کو سروس مہیا کی اخراجات 6 لاکھ 64 ہزار 626 روپے

ضلع میں 4 مقامات کنجاہ، لالہ موسیٰ، کسوکی اور سرائے عالمگیر میں الخدمت فاؤنڈیشن کی ایمبولینس موجود ہیں۔ مستحق مریضوں کو بالکل مفت جبکہ باقی مریضوں کو نہایت ہی قلیل نرخوں پر سروس مہیا کی جاتی ہے۔ جس پر 6 لاکھ 64 ہزار 626 روپے کے اخراجات آئے۔

## رمضان پیکج کے تحت 466 گھرانوں پر 6 لاکھ 90 ہزار روپے سے زائد رقم خرچ کی گئی۔

رمضان المبارک میں رمضان کی برکتوں کو سمیٹنے کی خاطر روزہ داروں کی افطاری اور سحری کا بندوبست کیا جاتا ہے۔ تاکہ روزہ دار کی معاونت کے ساتھ ساتھ اس کے ثواب میں بھی شامل ہوا جا سکے۔ اس طرح رمضان 2008ء میں 466 گھرانوں کو 6 لاکھ 90 ہزار روپے کا خصوصی راشن فراہم کیا گیا۔

## عید/کرسمس گفٹ

عیدین کے موقع پر 1300 گھرانوں کو تقریباً 3 لاکھ روپے کے عید گفٹ دیئے گئے۔ عیدین کے موقع پر ہمارے معاشرے کے بے شمار گھرانے تمام تر کوششوں کے باوجود عید کے لمحات کو حسرت سے گزار رہے ہوتے ہیں۔ ایسے میں الخدمت فاؤنڈیشن ضلع گجرات انہیں گھرانوں کی عید کی خوشیوں میں شامل ہونے کی غرض سے عید کے دن کے لئے عید گفٹ جس میں چینی، چاول، سویاں، سوجی اور دیگر میوہ جات شامل ہوتے ہیں مہیا کرتی ہے۔ اسطرح سے ہم بھی ان کی خوشیوں میں شامل ہونے کی کوشش کرتے ہیں۔

## عیدالضحیٰ

29 ہزار روپے بلوچستان اور کشمیر میں قربانی کے لئے بھجوائے گئے۔ 1 لاکھ 21 ہزار روپے کی مقامی طور پر اجتماعی قربانی کر کے سینکڑوں مستحق گھرانوں میں گوشت تقسیم کیا گیا۔

کرسمس 2008ء کے موقع پر مسیحی برادری میں خوشیاں بانٹنے کے لیے چرچ اور دیگر مقامات پر جا کر 97 گھرانوں کو 19,000 روپے نقد عیدی تقسیم کی گئی اور کیک بھی تقسیم کیے گئے۔



سید ضیا اللہ شاہ ایڈووکیٹ مسیحی برادری میں عیدی تقسیم کر رہے ہیں

# فری ٹینٹ سروس

گجرات کے گاؤں کسوکی میں غمی اور شادی کے موقع پر لوگوں کو مدد فراہم کرنے کے لیے دو سال سے فری ٹینٹ سروس قائم ہے جہاں سال بھر لوگوں کو مفت ٹینٹ سروس فراہم کی جاتی ہے۔ اس سال 150 کرسیوں کے اضافے کی وجہ سے لوگ شادی پر بھی اس سروس سے استفادہ حاصل کرتے ہیں

جس سے گاؤں کے لوگوں کا کثیر سرمایا ضائع ہونے سے بچتا ہے۔

ہماری مخیّر حضرات سے اپیل ہے کہ ہر گاؤں میں فری ٹینٹ سروس شروع کروائیں۔ جو کہ ان کے لیے بڑا صدقہ جاریہ بن سکتا ہے۔

## کھاریاں شہر میں سال بھر سستا بازار کا انعقاد

سستا بازار صدقہ زکوۃ کے بغیر لگائے جاتے ہیں تاکہ تمام لوگ اس سے استفادہ حاصل کر سکیں کھاریاں شہر میں سوا دو سال سے ہفتہ وار "اتوار سستا بازار" لگا کر عوام کو 20 سے 50 فیصد سستی سبزیاں اور پھل مہیا کیا جاتا ہے۔ یہ بازار ہمارے ذمہ داران اور کارکنان خود لگاتے ہیں۔

ایک گھرانے کو الخدمت سستا بازار سے خریداری کرنے پر ایک ماہ میں اوسطاً 800 سے 1000 روپے فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ لیکن محدود وسائل کی وجہ سے صرف 150 سے 200 گھرانے ہی فائدہ حاصل کر پاتے ہیں۔ گجرات اور ٹانڈہ میں بھی گاہے بگاہے سستا بازار لگائے جاتے ہیں۔